نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زرعی مارکیٹنگ کے جدید نظام سے ان گنت افراد نے رجوع کرلیا

زرعی اجناس کی قیمتوں کی معلومات روزانہ کی بنیاد کے لئے ویب سائٹ تشکیل کردی گئی

کاشتکار معلومات زرعی مارکیٹنگ کی ویب سائٹ (www.amis.pk) سے حاصل کرسکتے ہیں۔

سائٹ کے ذریعے مقامی قیمتوں کا بین الاقوامی منڈیوں سے تقابلی جائزہ بھی لینے کی سہولت بھی موجود

لاہور:2 مارچ 2017( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ محکمہ زراعت حکومت پنجاب نے زرعی مارکیٹنگ کا جدید نظام متعارف کروادیا ہے جس سے کاشتکار اپنے علاقے کے لحاظ سے زرعی اجناس کی قیمتیں انٹرنیٹ کی مدد سے زرعی مارکیٹنگ کی ویب سائٹ (www.amis.pk) سے حاصل کرسکتے ہیں۔کاشتکاروں کی سہولت کے لئے زرعی اجناس کی تھوک قیمتیں اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں مہیا کی گئی ہیں، محکمہ زراعت پنجاب ان قیمتوں کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کر رہا ہے اور کاشتکاروں کو اس ویب سائٹ کے ذریعے یہ سہولت بھی دستیاب ہے کہ وہ مقامی قیمتوں کا بین الاقوامی منڈیوں سے تقابلی جائزہ بھی لے سکتے ہیں۔زرعی مارکیٹنگ کے اس نظام کا مقصد صوبے بھر کی زرعی منڈیوں میں اجناس کی تھوک قیمتوں کے بارے میں عوام الناس کو فوری اور بروقت آگاہ کرنا ہے۔اس نظام کے تحت صوبے بھر کے زرعی کاشتکاروں کو مقامی سطح پر اجناس کی خرید وفروخت کے بارے میں آگاہی فراہم بھی کی جارہی ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ حکومت پنجاب اس نظام کو مزید جدت پسندی کی طرف لے کر جارہی ہے اور جلد ہی سمارٹ فون پر منڈیوں کی صورت حال اور زرعی اجناس کی خرید وفروخت کے متعلق آگاہی کے لئے سوفٹ ویئر متعارف کروایا جائے گا جس کے ذریعے کاشتکار منڈیوں کی صورت حال کے متعلق اپنے سمارٹ فون کے ذریعے آگاہی لے سکے گا۔اس نظام سے کاشتکار مڈل مین کی استحصالی سے بڑی حد تک بچ سکے گا اور زرعی اجناس کے کاروبار میں بھی اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆